# ڈاکٹر اے کیو خان سکول اینڈ کالج بحریہ ٹاؤن فیز ۸

## ماڈل پیپر اردو جماعت ششم

**مقررہ وقت : 20 منٹ**

**نام:** ____________________ **فریق:** ____________

**تاریخ:** ____________________ **دستخط نگران امتحان:** ________________________

## حصہ اول (کل نمبر 10)

**سوال نمبر 1 : :** ہر سوال کے سامنے دیے گئے، سلیبس کے مطابق درست دائرہ کو پر کریں۔ **(10)**

| نمبر شمار | سوال | الف | ب | ج | د | الف | ب | ج | د |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| i. | جس کلام میں اللہ کی تعریف بیان کی جائے اُسے کیا کہتے ہیں؟ | نظم | حمد | نعت | غزل | ○ | ○ | ○ | ○ |
| ii. | معانی کے لحاظ سے اسم کی کتنی قسمیں ہیں؟ | دو | چار | پانچ | چھ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| iii. | کس نبی کا لقب خاتم النبیین ہے؟ | حضرت نوحؑ | حضرت آدمؑ | حضرت محمدؐ | حضرت ابراہیمؑ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| iv. | کسی بھی شخص، چیز یا جگہ کے نام کو کیا کہتے ہیں؟ | اسم | فعل | حرف | مرکب | ○ | ○ | ○ | ○ |
| v. | اندار چیزوں کی تذکیر و تانیث کیا کہلاتی ہے؟ | مونث | حقیقی تذکیر و تانیث | مذکر | غیر حقیقی تذکیر و تانیث | ○ | ○ | ○ | ○ |
| vi. | دو لوگوں کے درمیان کسی موضوع پر بات چیت کو کیا کہا جاتا ہے؟ | گفتگو | مکالمہ | مضمون | روداد | ○ | ○ | ○ | ○ |
| vii. | صحت کا عالمی دن کس تاریخ کو منایا جاتا ہے؟ | 5 اپریل | 6 اپریل | 3 اپریل | 7 اپریل | ○ | ○ | ○ | ○ |
| viii. | کہانی کے کتنے اجزاء ہیں؟ | دو | تین | چار | پانچ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| ix. | وہ اسم جو کسی آواز کو ظاہر کرے کیا کہلاتا ہے؟ | اسم آلہ | اسم صوت | اسم مکبر | اسم مصغر | ○ | ○ | ○ | ○ |
| x. | پاکستان کا سب سے بڑا فوجی اعزاز کون سا ہے؟ | نشانِ امتیاز | نشانِ جرات | نشانِ حیدر | تمغہ رسالت | ○ | ○ | ○ | ○ |

# ڈاکٹر اے کیو خان سکول اینڈ کالج بحریہ ٹاؤن فیز ۸

## ماڈل پیپر اردو جماعت ششم

**مقررہ وقت: 2 گھنٹے،10 منٹ** — **کل نمبر:50**

## حصہ دوم (کل نمبر25)

**سوال نمبر2:الف۔** حصہ نثر

**درج ذیل عبارت کو پڑھ کر آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات اپنے الفاظ میں لکھیں۔** (5x2=10)

انسان جب سے اس زمین پر آباد ہوا ہے تب سے وہ اپنی خوراک، لباس اور رہائش کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے مختلف طرح کے کام اور طریقے اختیار کر تا رہا ہے۔ خوراک انسان کی سب سے اہم اور بنیادی ضرورت ہے۔ ہماری خوراک میں اجناس جیسے گندم، چاول، مکئی، باجرہ اور دالیں مختلف قسم کی سبزیاں اور انواع واقسام کے پھل شامل ہیں۔ یہ تمام اشیاء مختلف طریقوں اور مختلف موسموں میں زمین سے ہی پیدا کی جاتی ہیں، خوراک کے بعد دوسری اہم ضرورت لباس ہوتا ہے اور پھر رہائش۔ لباس کی ضرورت موسموں کے ساتھ ساتھ بدلتی رہتی ہیں۔ گرمی سردی دھوپ اور بارش میں مختلف لباس کی ضرورت پڑتی ہے۔ اس طرح رہائش کے لیے گھر اور روزمرہ ضروریات کے لیے طرح طرح کی چیزوں کی ضرورت ہے۔ گرمی سے بچنے کے لیے پنکھے وغیرہ اور سردی سے بچنے کے لیے ہیٹر وغیرہ گھر کے برتن فرنیچر بے شمار چیزیں کارخانوں میں تیار ہوتی ہیں۔ یوں ہم غور کریں تو زراعت اور صنعت ہماری زندگی کو محفوظ اور آسان بنانے کے لیے بہت اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

**سوالات:**

i. انسان کی تین بنیادی ضروریات کون کون سی ہیں؟

ii. گرمی سے بچنے کے لیے ہم کیا اقدامات کرتے ہیں؟

iii. زراعت اور صنعت ہماری زندگی کو آسان کیسے بناتے ہیں؟

iv. اِس پیراگراف کا مرکزی خیال لکھیں۔ **یا** اِس پیراگراف کا خلاصہ لکھیں۔

v. اِس پیراگراف کا ایک مناسب عنوان تجویز کریں۔

**(ب) حصہ شعر :**

**درج ذیل اشعار پڑھیں اور آخر میں دیے گئے سوالوں کے جواب تحریر کریں۔** (5)

تو نے محنت کا ہم کو درس دیا — تیری محنت تری سعادت تھی
یہ دیانت خدا کی رحمت تھی — کام سارے کیے دیانت سے
تیرا ایمان قائداعظم — یہی محنت یہی دیانت تھی

**سوالات:**

i. قائداعظمؒ نے کس چیز کا درس دیا ہے؟ (1)

ii. شاعر نے کس چیز کو قائداعظمؒ کا ایمان قرار دیا ہے؟ (1)

iii. دیانت داری کس کی رحمت ہے؟ (1)

iv. اِس بند کا مرکزی خیال لکھیں۔ (2)

سوال 3: حصہ قواعد (10)

**(الف) جملے میں رموز و اوقاف کی علامتیں لگائیں۔** (1)

علی تم بازار جاتے ہوئے میرے گھر سے ہو کر جانا

**(ب) ہدایات کے مطابق تبدیلی کر کے جملہ دوبارہ لکھیں۔** (4)

i. **جمع لکھیں۔** کل میں نے بازار سے کتاب خریدی۔

ii. **مذکر لکھیں۔** ہمارے گھر قربانی کے لیے گائے آئی۔

iii. **متضاد لکھیں۔** دنیا ترقی کی نہیں ——— کی طرف جا رہی ہے۔

iv. **جملہ درست کر کے لکھیں۔** آبِ زم زم کا پانی میں شفا ہے۔

**(ج) اسم مصدر کی تعریف لکھیے۔** (2)

**(د) جملے بنائیں۔** (3)

درگزر، انصاف، خوشحالی

## حصہ سوم (کل نمبر 25)

**سوال نمبر 4: درج ذیل نظمیہ جز میں سے کسی ایک کی تشریح کریں۔ نیز نظم اور شاعر کا نام بھی لکھیں۔** (4+1)

i. جبین بندگی بے تاب ہے سجدے لٹانے کو
الٰہی تیرے بندوں کی زباں پر کس کا نام آیا؟
میرے دل میں ہزاروں طور سینا جگمگا اٹھے — کچھ اس انداز سے دل میں تیرا شوق تمام آیا

**یا**

ii. گلشن ہو یا پربت ہو، ہم سے کوئی دور نہیں — دل کس کی تعریف کرے، ہر گوشہ ہے آپ حسیں
سورج ہے سرحد کی زمیں، چاند بلوچستان ہے

**سوال نمبر 5: مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر دیئے گئے اشارات کی مدد سے 150 الفاظ تک مضمون لکھیں۔** (10)

**محنت کی عظمت**

i. محنت کا مفہوم — ii. محنت کی اہمیت — iii. ترقی کا زینہ
iv. نامور شخصیات کی زندگی میں محنت کا کردار — v. معاشرے کے لیے محنت کی افادیت

**موبائل فون کا استعمال**

i. تعارف — ii. موبائل کا ہماری زندگی میں کردار اور ضرورت — iii. نوجوان نسل پر موبائل کے اثرات
iv. جدید تقاضے اور موبائل کا استعمال — v. موبائل فون کے مثبت اور منفی اثرات

**سوال نمبر 6: دو دوستوں کے درمیان امتحان کے موضوع پر مکالمہ لکھیں۔** (5)

**سوال نمبر 7: سکول پرنسپل کے نام لوک ورثہ کی سیر کے لیے درخواست لکھیں۔** (5)